© rasailojaraid.com



# مسافرانِ آخرت

- رحیم یار خان میں قدیم احرار کارکن صوفی محمد اسحٰق (بستی مولویان) کی ہمشیر اور محمد طارق چوہان کی پھوپھی صاحبہ، انتقال: ۲۸؍مئی ۲۰۱۳ء
- چیچہ وطنی میں مولوی محمد رضوان اسلم اور حافظ محمد یاسر اسلم کی والدہ ماجدہ 19؍جون کو لاہور میں انتقال فرما گئیں
- چیچہ وطنی جماعت کے قدیم ساتھی، بھائی محمد حسین کے چھوٹے بھائی محمد سعید (عزیزم) عرفان سعید کے والدِ گرامی ۳؍جون کو انتقال فرما گئے۔
- قاری عبدالغفار نقشبندی صاحب ۲۱؍مئی کو جلالپور پیر والہ میں انتقال کر گئے
- چیچہ وطنی مجلس احرار اسلام کے قدیمی رفیق جناب حافظ محمد انور (4812-2) کی ہمشیر صاحبہ ۲۴؍جون کو انتقال کر گئیں۔

کبیر والہ میں ہمارے کرم فرما محترم رانا محمد طاہر شفیق کی والدہ ماجدہ، انتقال: ۱۹؍جون ۲۰۱۳ء بروز جمعہ

اللہ تعالیٰ مرحومین کی مغفرت فرمائے، حسنات قبول فرمائے اور درجات بلند فرمائے۔ پسماندگان کو صبرِ جمیل سے نوازے۔ (آمین) قارئین سے درخواست ہے کہ ایصالِ ثواب اور دعاءِ مغفرت کا خصوصی اہتمام فرمائیں (ادارہ)

## دعائے صحت

- چیچہ وطنی جماعت کے سابق صدر حکیم شیخ محمد رفیق خادم شدید علیل ہیں
- مجلس احرار اسلام ملتان کے قدیم کارکن عزیز الرحمٰن سنجرانی علیل ہیں
- مجلس احرار اسلام ملتان کے مخلص کارکن محمد بشیر چغتائی علیل ہیں
- مجلس احرار اسلام ملتان کے نہایت مخلص کارکن بھائی سعید احمد کے والد علیل ہیں

احباب و قارئین سے دعائے صحت کی درخواست ہے (ادارہ)



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



# نقشہ برائے ادائیگی زکوٰۃ

مولانا اعجاز صمدانی

(الف) وہ اثاثے جن پر زکوٰۃ واجب ہے:

(۱) سونا (خواہ کسی شکل میں ہو) ---------- مثلاً اِس کی قیمت: 50,000/-

(۲) چاندی (خواہ کسی شکل میں ہو) ---------- // ---------- 10,000/-

(۳) مالِ تجارت یعنی بیچنے کی حتمی نیت سے خریدا ہوا مال، مکان، زمین [1] ---------- 300,000/-

(۴) بینک میں جمع شدہ رقم ---------- 100,000/-

(۵) اپنے پاس موجود نقد رقم ---------- 100,000/-

(۶) ادھار رقم (جس کے ملنے کا غالب گمان ہو)

خواہ نقد رقم کی صورت میں دی ہو یا مالِ تجارت بیچنے کی وجہ سے واجب ہوئی ہو ---------- 50,000/-

(۷) غیر ملکی کرنسی (موجودہ ریٹ سے) ---------- 10,000/-

(۸) کمپنی کے شیئرز جو تجارت (Capital Gain) کی نیت سے خریدے ہوں۔

ان کی پوری قیمت (موجودہ مارکیٹ ویلیو) ---------- 50,000/-

(۹) جو شیئرز نفع (Dividend) کی غرض سے خریدے گئے، ان میں کمپنی کے ناقابل زکوٰۃ اثاثے (Operating Assets) جیسے بلڈنگ، مشینری وغیرہ کو منہا کیا جا سکتا ہے۔

(اور بہتر یہ ہے کہ احتیاطاً ان کی پوری قیمت لگائی جائے) ---------- 50,000/-

(۱۰) بچت سرٹیفکیٹ جیسے FEBC, NDFC, NIT (صرف اصل رقم پر زکوٰۃ ہوگی) [2] --- 100,000/-

(۱۱) کسی جگہ اپنی امانت رکھوائی ہوئی رقم، سونا، چاندی، مالِ تجارت ---------- 10,000/-

(۱) اگر بیچنے کی نیت نہ ہو بلکہ کرایہ پر دے کر کمانے کی نیت ہو یا ویسے ہی سرمایہ محفوظ کرنے کے لیے کوئی جائیداد خریدی تو زکوٰۃ واجب نہ ہوگی۔

(۲) اگرچہ موجودہ حالات میں ان کا خریدنا جائز نہیں۔



© rasailojaraid.com